تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

ضمنی امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال اول برائے طلبہ سال ۱۴۴۰ھ/2019ء

وقت: تین گھنٹے | پہلا پرچہ: ترجمہ قرآن وتجوید | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول ... قرآن مجید

سوال نمبر1:۔ درج ذیل میں سے کسی چھ آیات مبارکہ کا ترجمہ کریں۔ ۶۰=۱۰x۶

(i) وَاتَّقُوْا یَوْمًا لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَیْئًا وَّلَا یُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا یُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ یُنْصَرُوْنَ

(ii) وَاِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِیَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ

(iii) فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِیْ شِقَاقٍ فَسَیَكْفِیْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

(iv) وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّیْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَیْرٰتِ اَیْنَ مَا تَكُوْنُوْا یَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِیْعًا اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

(v) یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِی الْاَرْضِ حَلٰلًا طَیِّبًا وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ

(vi) وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ یَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَیْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ

(vii) وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَاۤ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ

(viii) یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ یَوْمٌ لَّا بَیْعٌ فِیْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ

(ix) اَلشَّیْطٰنُ یَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَیَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ وَاللّٰهُ یَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ

(x) اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّیْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِیَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ

سوال نمبر2:۔ درج ذیل میں سے صرف پانچ الفاظ قرآنیہ کے معانی لکھیں۔ ۱۰=۲x۵

(i) اِسْتَوْقَدَ (ii) رَغَدًا (iii) اَلْعِجْل (iv) فَرِیْقٌ (v) اَلثَّمَرَاتُ (vi) شَطْرَ (vii) اَلْفُلْكُ (viii) اَلْخَیْطُ الْاَسْوَدُ

حصہ دوم ... تجوید

سوال نمبر3:۔ کوئی سے دو اجزاء کا جواب تحریر کریں۔

(الف) درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ حروف کے مخارج تحریر کریں۔ ۱۵=۳x۵

ب ، ز ، ش ، ض ، ع ، ف ، ل

(ب) وقف بالاشمام ، اعادہ ، اظہار ، غنہ ، اقلاب میں سے ہر ایک اصطلاح کی تعریف کریں اور مثال دیں۔ ۱۵=۳x۵

(ج) صفات عارضہ میں سے کوئی تین تفصیل سے بیان کریں۔ ۱۵=۵x۳

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

ضمنی امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال اول برائے طلبہ سال ۱۴۴۰ھ/2019ء

وقت: تین گھنٹے | دوسرا پرچہ: عقائد و فقہ | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول ... عقائد

سوال نمبر 1: درج ذیل میں سے کسی پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔ ۵x۵=۲۵

(الف) ہدایت و گمراہی کس کی طرف سے ہے؟

(ب) اللہ تعالیٰ کی خالقیت وجوب خود کے کیا معنی ہیں؟

(ج) اللہ تعالیٰ نے عالم کیوں پیدا کیا؟

(د) نبی کی طرف تقیہ کی نسبت کا کیا حکم ہے؟

(ھ) نبی کے علم کے بارے عقیدہ بیان کریں۔

(و) سب سے پہلے انسان اور سب سے پہلے نبی کون ہیں؟

سوال نمبر 2: درج ذیل میں سے کسی پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔ ۵x۵=۲۵

(الف) معجزہ اور کرامت کا فرق بیان کریں۔

(ب) قیامت کی نشانیاں بیان کریں۔

(ج) دجال کی صفت اور اس کے کرتب بیان کریں۔

(د) قیامت کب آئے گی اور کس طرح آئیگی؟

(ھ) حوض کوثر کیا ہے؟

(و) کافر کیلئے مغفرت کا حکم بیان کریں۔

حصہ دوم ... فقہ

سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے صرف پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔ ۵x۵=۲۵

(الف) وضو کے مکروہات بیان کریں۔

(ب) غسل کے فرائض بیان کریں۔

(ج) کن کن باتوں سے کنواں ناپاک ہو جاتا ہے؟

(د) ہڈی پانی میں گر جائے تو پانی کا کیا حکم ہے؟

(ھ) نجاست کی کتنی اور کون کون سے اقسام ہیں؟

(و) کافر کے جوٹھے پانی کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے صرف پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔ ۵x۵=۲۵

(الف) تیمم کا طریقہ بیان کریں۔

(ب) کس چیز سے تیمم جائز ہے اور کس چیز سے نہیں؟

(ج) موزہ پر مسح کرنے کا طریقہ بیان کریں؟

(د) معذور کی تعریف کریں۔

(ھ) ستر عورت کتنا فرض ہے؟

(و) نماز مغرب کا وقت بیان کریں؟

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

ضمنی امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال اول برائے طلبہ سال ۱۴۴۰ھ/2019ء

وقت: تین گھنٹے | تیسرا پرچہ : صرف | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ... میزان و منشعب

سوال نمبر 1: (الف) ماضی، مستقبل اور حال کی تعریف کر کے مثال دیں۔ ۵x۳=۱۵

(ب) ماضی احتمالی اور ماضی استمراری بنانے کا طریقہ تحریر کریں، مثال دینا نہ بھولیں ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 2: (الف) لائے نفی فعل مضارع میں لفظی و معنوی کیا عمل کرتا ہے؟ کسی بھی مصدر سے بحث نفی فعل مضارع معروف لکھیں۔ ۸+۷=۱۵

(ب) مضارع میں " لَمْ " لفظاً اور معنیً کیا عمل کرتا ہے؟ ۱۰

سوال نمبر 3: (الف) میزان الصرف کی روشنی میں اسم ظرف بنانے کا طریقہ بیان کر کے اس کی گردان تحریر کریں۔ ۱۰

(ب) ملحق برباعی مجرد کے کل کتنے اور کون کون سے ابواب ہیں؟ نیز باب تمفعل کے بارے مصنف کا کیا نظریہ ہے؟ ۱۰+۵=۱۵

حصہ دوم ... صرف بہتر ال

سوال نمبر 4: (الف) علم صرف کی تعریف، موضوع اور غرض و غایت بیان کریں نیز اس علم کو نحو پر مقدم کرنے کی وجہ بیان کریں۔ ۱۲+۳=۱۵

(ب) مضاعف ثلاثی اور اجوف واوی کی تعریف اور مثال لکھیں؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 5: (الف) مدہ زائدہ والا قانون تحریر کریں، نیز جمع اقصی بنانے کا طریقہ بیان کریں۔ ۱۰+۵=۱۵

(ب) ضَرَبْنَا، یَضْرِبْنَ اور مَضْرُوْبَاتٌ میں سے کسی دو کی بنائیں صرف بھتر ال کی روشنی میں تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 6: (الف) الف مقصورہ والا قانون مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۵

(ب) درج ذیل قانون کا ترجمہ کر کے مثالیں دیں۔ ۱۰

ہر باب کہ دراول ماضی آں تا زائدہ مطردہ باشد در مضارع معلوم آں باب ماقبل آخر را حرکت فتحہ می دہند اگر نہ تا کسرہ سوائے ابواب ثلاثی مجرد

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

ضمنی امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال اول برائے طلبہ سال ۱۴۴۰ھ/2019ء

وقت: تین گھنٹے | چوتھا پرچہ : نحو | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: آخری دونوں سوال لازمی ہیں باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ... نحو میر

سوال نمبر 1: (الف) مرکب مفید اور مرکب غیر مفید کی تعریف کر کے مثال دیں نیز جملہ انشائیہ کی اقسام بیان کریں۔ ۱۵=۹+۶

(ب) اسمائے اصوات کون کونسے ہیں؟ سپرد قلم کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 2: (الف) مرکب بنائی اور مرکب منع صرف کی تعریف کر کے مثال دیں نیز اسم کی کوئی پانچ علامتیں بیان کریں۔ ۱۵=۵+۱۰

(ب) اسماء ستہ مکبرہ اور جمع مؤنث سالم میں سے ہر ایک کا اعراب بیان کریں اور مثالیں بھی دیں۔ ۱۰=۵+۵

سوال نمبر 3: (الف) وجوہ اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی کتنی اور کون کون سے اقسام ہیں؟ (تمام اقسام کے صرف نام لکھیں)۔ ۱۵

(ب) حروف مشبہ بالفعل کتنے اور کونسے ہیں نیز وہ کیا عمل کرتے ہیں مثال دیکر بیان کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 4: (الف) وہ حروف جو فعل مضارع کو نصب کرتے وہ کتنے اور کون کونسے ہیں ہر حرف کی مثال بھی دیں۔ ۱۰

(ب) حروف جارہ بیان کریں اور ان کا عمل بتائیں ۔ ۱۰

حصہ دوم ... نظم مائۃ عامل

سوال نمبر 5: درج ذیل میں سے صرف تین اجزاء کا جواب تحریر کریں۔

(الف) ناظم نے حروف نداء کتنے اور کون کونسے بیان کیے ہیں؟ شعر کی صورت میں بیان کریں۔ ۱۰

(ب) فعل کو جزم دینے والے حروف کے متعلق نظم مائۃ عامل میں مذکور اشعار کی مختصر تشریح و توضیح کریں۔ ۱۰

(ج) عوامل معنویہ کے متعلق اشعار تحریر کریں۔ ۱۰

(د) درج ذیل اشعار کی تشریح اس انداز سے کریں کہ مصنف کی مراد واضح ہو جائے۔ ۱۰

دیگر افعال یقین و شک بود کان ہر دو اسم　　چوں درآید ہر یکے منصوب سازد ہر دو را

خلت باشد باعلمت پس حسبت بازعمت　　پس ظننت بارأیت پس وجدت بے خطا

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

ضمنی امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک) سال اول برائے طلبہ سال ۱۴۴۰ھ/2019ء

وقت: تین گھنٹے | **پانچواں پرچہ : عربی ادب** | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1: (الف) درج ذیل میں سے پانچ جملوں کا ترجمہ کریں۔ ۵x۳=۱۵

(i) هذا كرسی (ii) هذا كتاب احمد (iii) الكعبة قبلتی (iv) الهرة الصغيرة عندالهرة الكبيرة

(v) هل عندک سيارة (vi) لی يدان وعينان واذنان (vii) صديقی فی الغرفة (viii) امدّ يدی الی الوراء

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک جزء کا ترجمہ کریں۔ ۱۰

(i) فی حديقة الحيوان طيور جميلة ذات الوان كثيرة بديعة ومنها الاحمر والاخضر والازرق والاصفر والابيض والاسود وبعض الطيور رقبتها حمراء ومنقارها اخضر وبعضها ريشها اخضر ومنقارها احمر ورقبتها حمراء وبعضها ريشها اصفر ومنقارها احمر ورقبتها زرقاء

(ii) علی المائدة سكين ثمينة اتناولها بيدی وانظر اليها مقبضها من العاج ليس من العظم ولامن الخشب ونصلهامن معدن من الفولاذ المس مقبضها انه ناعم املس صلب واضع اصبعی علی حدها انها حادة

سوال نمبر 2: (الف) درج ذیل میں سے تین جملوں کی عربی بنائیں۔ ۳x۵=۱۵

(i) باغ میں پھول ہیں (ii) کرسی کہاں ہے؟ (iii) آپ مجھے اپنی کتاب دیں۔ (iv) میرا ہاتھ میری آنکھ پر ہے (v) وہ میرا گھر ہے

(ب) درج ذیل میں سے کوئی پانچ خالی جگہیں پُر کریں۔ ۵x۲=۱۰

(i) اسم والدی .... (ii) الالف قريب من .... (iii) الله .... والهک (iv) الصورة .... المنضدة

(v) يدی ...... الكتاب (vi) الاقريب ...... الباب جدا (vii) كم كتبا....... المكتبة (viii) قدمی .... الارض

سوال نمبر 3: (الف) درج ذیل میں سے تین الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں۔ ۳x۵=۱۵

(i) اذن (ii) الكرسی (iii) االجد ار (iv) القمر (v) السرير

(ب) درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کے معانی تحریر کریں۔ ۵x۲=۱۰

(i) مكتب (ii) اللون (iii) الفم (iv) الهرة (v) عمة (vi) فوق (vii) طبقة (vii) الطفل

سوال نمبر 4: (الف) درج ذیل میں سے تین سوالات کے عربی میں جوابات تحریر کریں۔ ۳x۵=۱۵

(i) هل عندک ساعة ؟ (ii) بم تنظر ؟ (iii) هل تسمع صوت الساعة؟ (iv) ماذا يفعل الان ؟ (v) ماسمک؟

(ب) بیس سے تیس تک گنتی عربی میں تحریر کریں۔ ۱۰

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

ضمنی امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (میٹرک) سال اول برائے طلبہ سال ۱۴۴۰ھ/2019ء

وقت: تین گھنٹے | چھٹا پرچہ: جنرل سائنس ومطالعہ پاکستان | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ:۔ سوال نمبر 1 اور 5 لازمی ہیں باقی دونوں قسموں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ..... جنرل سائنس

سوال نمبر 1:۔ (الف) خالی جگہ پُر کریں۔ ۱۰

(۱) کتاب المناظر............ پر پہلی کتاب ہے۔ (۲) بی سی جی.......... کا حفاظتی ٹیکہ ہے۔

(۳) الیکٹرونکس.......... کے طرز عمل اور کنٹرول کا علم ہے۔ (۴) ری پلے کیلئے ایک.......... بیم سی ڈی کو سکین کرتی ہے۔

(۵) پروگرام.............. کی ایک لسٹ ہے۔

(ب) درج ذیل فقرات میں سے درست کے سامنے (ص) اور غلط کے سامنے (غ) لکھیں۔ ۱۰

(۱) بوعلی سینا طب کے بانیوں میں سے تھا؟ (۲) جابر بن حیان فزکس کے ماہر تھے؟ (۳) جانوروں اور پودوں کی زندگی میں بہت سے امور مشترک ہیں؟ (۴) تپ دق لاعلاج مرض ہے؟ (۵) کیبل ٹی وی میں الیکٹریکل سگنلز کو ریڈیو ویوز میں بدلا جاتا ہے؟

سوال نمبر 2:۔ کسی دو مشہور پاکستانی سائنسدانوں کے نام اور ان کے اہم کارنامے تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 3:۔ پولیو پر جامع نوٹ لکھیں۔ ۱۵

سوال نمبر 4:۔ کمپیوٹر کے کون کون سے حصے اہم ہوتے ہیں اور یہ کیا کام کرتے ہیں۔ ۱۵

حصہ دوم .. مطالعہ پاکستان

سوال نمبر 5:۔ (الف) خالی جگہ پُر کریں۔ ۱۰

(۱) محمد بن قاسم نے سن.......... ہجری میں سندھ پر حملہ کیا۔ (۲) سن.......... میں آل انڈیا مسلم لیگ قائم ہوئی۔ (۳) 14 اگست 1947ء کو قائداعظم نے پاکستان کے پہلے.......... کی حیثیت سے حلف اٹھایا۔ (۴) سن.......... کے آئین کے تحت ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا۔

(۵) 1930ء میں گول میز کانفرنس کے دوران.......... نے حکومت برطانیہ کے سامنے تقسیم ہند کی تجویز رکھی۔

(ب) مختصر جواب دیں۔ ۱۰

(۱) 1973ء کے آئین میں مسلمان کی کیا تعریف کی گئی؟ (۲) دو قومی نظریہ کا کیا مطلب ہے؟

(۳) پاکستان کی آزادی کے وقت کونسی مبارک رات تھی؟ (۴) میجر عزیز بھٹی شہید کو کون سا اعزاز ملا؟

(۵) پاکستان کا دارالحکومت کہاں واقع ہے؟

سوال نمبر 6:۔ 1973ء کے آئین کی کوئی پانچ اسلامی دفعات کا جائزہ لیجئے۔ ۱۵

سوال نمبر 7:۔ پاکستان میں پائی جانے والی پانچ معدنیات پر نوٹ لکھیں۔ ۱۵

سوال نمبر 8:۔ قیام پاکستان کے سلسلے میں صوبوں کے کردار پر اختصار کے ساتھ روشنی ڈالیں۔ ۱۵